سوال

(699)چمچ کے ساتھ کھانا کیسا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

چمچ کے ساتھ کھانا کیسا ہے؟ (محمد صدیق تلیاں، ایبٹ آباد) (۲۱ جنوری ۲۰۰۰ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اصل طریقہ نبوی یہی ہے کہ انگلیوں کے ساتھ کھانا کھایا جائے۔ ''صحیح بخاری'' کے 'بَابٌ فِی لَعْقِ الْأَصَابِعِ' کے تحت حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے ''فتح الباری'' (۵۷۷/۵۷۸/۹) میں انگلیوں کے استعمال، ان کے عدد اور کیفیت پر سیر حاصل بحث کی ہے۔ جو لائقِ مطالعہ ہے اور چمچ چونکہ اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے لہٰذا اس کے استعمال کو تمتع بنعمة اللّٰہ کی بناء پر زیادہ سے زیادہ ''جائز' کہا جا سکتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3،کتاب اللباس: صفحہ: 500

محدث فتویٰ